سوال

چوری

جواب

بجلی چوری کی شکایت کرنے کا حکم السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ اگر کوئی شخص بجلی چوری کرتا ہے تو کیا ایسے شخص کی شکایت متعلقہ محکمہ میں کی جا سکتی ہے ؟ اور شکایت کرنا غیبت یا چغلی کے زمرہ میں تو نہیں آتا ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد ! ایسے چور کی ضرور شکایت لگانی چاہئے، کیونکہ اس کی چوری کی وجہ سے دیگر لوگوں پر بوجھ پڑتا ہے، ایسی شکایت معاشرے کے ساتھ خیر خواہی کے جذبے میں آتی ہے، اس میں گناہ والی کوئی بات نہیں ہے، گناہ تو وہ چور کر رہا ہے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی